**Specialized Companies Division**
**Islamic Finance Department**

**PRESS RELEASE**

**SECP has approved Strategic Action Plan 2024-2026 for the development of Islamic finance in non-bank financial sector.**

Islamabad, December 09, 2024: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has approved a Strategic Action Plan 2024-2026 to facilitate the growth and development of Islamic finance in non-bank financial sectors. The plan was prepared by the SECP's apex committee chaired by Mr. Mujtaba Ahmed Lodhi, Commissioner-SCD, established in 2023 with representation from the Pakistan Stock Exchange (PSX), Central Depository Company (CDC), National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL), SECP policy department heads, and industry experts. This collaborative effort aimed to create a comprehensive roadmap for Islamic finance growth aligning with the recent 26th Constitutional Amendment, which mandates the elimination of Riba by January 1, 2028.

This Strategic Action Plan aims to enable Islamic finance across all regulated sectors under the purview of SECP by December 2026. Subsequent to enablement, a conversion plan and strategy will be formulated to facilitate the transition of conventional financial institutions to Islamic financial institutions, ensuring a seamless transition and minimizing disruptions to the financial sector.

The plan focuses on four key verticals: (i) Growth Acceleration, increasing Islamic finance's share in regulated sectors; (ii) Achieving Standardization, promoting consistency and harmony in Islamic financial practices; (iii) Improved Quality, enhancing the overall performance and efficiency of Islamic financial institutions; and (iv) Strengthening Legal Framework, providing a robust foundation for Islamic finance to flourish. These verticals will facilitate the expansion of Islamic financial institutions, assets, and services in the non-bank sector.

The Strategic Action Plan has undergone rigorous review and consultation with Capital Market Infrastructure Institutions (CMIIs) to ensure its effectiveness and applicability. Leveraging the expertise of CMIIs, the SECP aims to create a conducive regulatory environment for Islamic finance, fostering its growth and development. The SECP reaffirms its commitment to providing a supportive regulatory environment for Islamic finance, aligning with the country's constitutional and legal requirements.

The Strategic Action Plan is available on SECP's official website.
secp.gov.pk/document/secp-strategic-action-plan-2024-26/?wpdmdl=54815&refresh=6752e5c2d115d1733486018

# ایس ای سی پی نے غیر بینکاری مالیاتی شعبے میں اسلامی مالیات کی ترقی کے لیے 2024-2026 کے اسٹریٹیجک ایکشن پلان کی منظوری دے دی ہے۔

اسلام آباد، 9 دسمبر: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے غیر بینکاری مالیاتی شعبوں میں اسلامی مالیات کی ترقی اور فروغ کو آسان بنانے کے لیے 2024-2026 کا اسٹریٹیجک ایکشن پلان منظور کر لیا ہے۔

یہ منصوبہ ایس ای سی پی کی اعلیٰ کمیٹی نے تیار کیا، جس کی سربراہی کمشنر-ایس سی ڈی، جناب مجتبیٰ احمد لودھی نے کی۔ یہ کمیٹی 2023 میں قائم کی گئی تھی اور اس میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX)، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC)، نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (NCCPL)، ایس ای سی پی کے پالیسی ڈیپارٹمنٹ کے سربراہان، اور صنعت کے ماہرین کی نمائندگی شامل تھی۔ اس مشترکہ کوشش کا مقصد حالیہ 26 ویں آئینی ترمیم کے مطابق اسلامی مالیاتی ترقی کے لیے ایک جامع روڈمیپ بنانا ہے، جس میں یکم جنوری 2028 تک ربا کے خاتمے کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔

یہ اسٹریٹیجک ایکشن پلان دسمبر 2026 تک ایس ای سی پی کے تحت تمام ریگولیٹڈ شعبوں میں اسلامی مالیات کو فروغ دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

یہ منصوبہ چار اہم پہلوؤں پر مرکوز ہے: (i) ترقی کی رفتار میں اضافہ، ریگولیٹڈ شعبوں میں اسلامی مالیات کے حصے کو بڑھانا؛ (ii) معیاری سازی کا حصول، اسلامی مالیاتی طریقوں میں مطابقت اور ہم آہنگی کو فروغ دینا؛ (iii) معیار میں بہتری، اسلامی مالیاتی اداروں کی مجموعی کارکردگی اور افادیت کو بہتر بنانا؛ (iv) قانونی فریم ورک کو مضبوط بنانا، اسلامی مالیات کی ترقی کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرنا۔

اسٹریٹیجک ایکشن پلان کو مؤثر اور قابل عمل بنانے کے لیے کیپیٹل مارکیٹ انفراسٹرکچر انسٹی ٹیوشنز (CMIIs) کے ساتھ سخت جائزے اور مشاورت کے مراحل سے گزارا گیا ہے۔ CMIIs کی مہارت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے، ایس ای سی پی کا مقصد اسلامی مالیات کے لیے ایک سازگار ریگولیٹری ماحول پیدا کرنا ہے تاکہ اس کی ترقی اور فروغ کو یقینی بنایا جا سکے۔

ایس ای سی پی اسلامی مالیات کے لیے ایک معاون ریگولیٹری ماحول فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کرتا ہے، جو ملک کے آئینی اور قانونی تقاضوں کے مطابق ہے۔

اسٹریٹیجک ایکشن پلان ایس ای سی پی کی سرکاری ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

secp.gov.pk/document/secp-strategic-action-plan-2024-26/?wpdmdl=54815&refresh=6752e5c2d115d1733486018

NIC Building, Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad.
Telephone (051) 9195372, e-mail: tauqeer.sipra@secp.gov.pk